بالکل نئی زندگی میں خُوش آمدید

نئی مخلُوقات کیلئے نئی چیزیں

Welcome to a brand new life

New Things for New Creatures

نئی مُحبت ۔۔۔خُدا سے بات چیت کرنے کیلئے۔روزانہ عبادت کی عادت ڈالیں۔خُدا کے ساتھ دُعا کے ذریعے بات چیت کریں،اور اُسے آپ کے ساتھ اُس کے کلام کے وسیلے سے بات کرنے کا موقع دیں۔اِسے اپنی زندگی کا باقاعدہ حصّہ بنائیں!

نئی خواہش ۔۔۔مسیح کی مانند بننے کی۔آپ بہت دھیان سے اُس کے نقشِ قدم پر چلنا چاہیں گے،لیکن اپنے آپ سے صابر رہیں۔ایک وقت میں ایک قدم اُٹھائیں۔

نئے سوالات ۔۔۔غیر ایماندار دوستوں سے پوچھیں۔اعمال 2:38 نجات کی مُنادی دلیری سے کی جانی چاہئے لیکن کُلی مُحبت اور حکمت سے۔اپنی گواہی،کتابچے اور دعوت نامے کلیسیا کو دیں۔صابر رہیں۔

نئے چیلنجز ۔۔۔چُنے ہوئے مسیحیوں کے۔آپ پر ممکنہ طور پر جنونی،بدعتی،گُمراہ حتیٰ کہ ''شیطانی'' ہونے کا لیبل لگتا ہوگا۔یاد رکھیں کہ یسوع نے اپنے دور کے روایتی مذہب پرستوں سے سخت مخالفت کا سامنا کیا۔

نئی شراکت ۔۔۔رسالتی ایمانداروں سے کریں۔آپ ''مکمل ایمان کی مانند'' ہونے سے حوصلہ افزائی اور توانائی پائیں گے۔اُس کلیسیا کا اہم حصّہ بننے کا تعین کریں جو اُس پر ایمان رکھتی ہے اور مُنادی کرتی ہے جو بائبل سکھاتی ہے۔عبادت مت چھوڑیں۔

نئی آگاہی ۔۔۔خاندانی ذمہ داریوں کی۔گھر پر وہی کُچھ بننے کی حتیٰ الوسع کوشش کریں جو خُدا آپ سے چاہتا ہے۔آپ اُن پر زیادہ

دینداری کا تاثر قائم کر سکتے ہیں جو آپ کے زیادہ قریبی ہیں۔۔ بحر حال، آزمائش سے اجتناب کریں تا نکہ اُن پر نجات کے معاملوں کو مسلط کریں۔

نیا تناظر۔۔۔غلط اور دُرست کے بارے میں۔خُداوند آپ کی یہ دیکھنے میں مدد کرے گا کہ بہت سی باتیں جو آپ نے ماضی میں کی ہیں وہ بالکل بھی دُرست نہیں لگتیں۔اپنی پُرانی عادات کی مُناسبت سے اُس کی رہنمائی کا دھیان رکھیں۔

نئ قوت۔۔۔آزمائش پر غالب آنے کے لئے۔آپ بُرائی کے بہکاووں سے انکار کیلئے مافوق الفطرت قوت رکھتے ہیں۔اگر اور جب آپ گُناہ کرتے ہیں، خُداوند سے مُعافی مانگیں اور خُداوند کی مدد سے اُسے آئندہ نہ کرنے کا ارادہ کریں۔

نیا اعتماد۔۔۔خُدا کے وعدے میں۔اُس کے ثابت قدم کلام میں نجات کی بُنیاد کے طور اپنا ایمان رکھیں نہ کہ اپنے لاتبدیل احساسات میں۔مسیح میں، آپ خُدا کے فرزند ہیں، اُن شبہات کے بغیر جو پیدا ہو سکتے ہیں۔

نئ اُمنگ۔۔۔خُدا کا ہونے کے لئے۔جب یسوع خُداوند بنا، وہ سب کا خُداوند بن گیا۔اپنا وقت، اہلیت اور سرمایہ اُسے وقف کریں۔اپنے آپ کو خُدا کے حوالے کریں۔خُدا آپ کی زندگی کے لئے ایک خاص منصوبہ رکھتا ہے!

''اِس لئے اگر کوئی مسیح میں ہے تو وہ نیا مخلوق ہے۔پُرانی چیزیں جاتی رہیں۔دیکھو وہ نئ ہو گئیں''۔دُوسرا کرنتھیوں 5:17

یہ محض آغاز ہے، آپ کے لئے ایک دلچسپ نئ مہم کا۔ہم، آپ کا نیا کلیسیائی خاندان، آپ کو باور کرنا چاہتا ہے کہ آپ ہماری مُحبت اور دُعاؤں میں ہیں۔ہم آپ کی فکر رکھتے ہیں۔